ذریعہ بنے۔ ان میں سے چودہ کتابچوں کو ایک مجموعہ کی شکل میں شائع کیا گیا ہے جو قادیانیت سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے ایک قابل قدر ذخیرہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ صفحات ۲۰۸' کتابت و طباعت معیاری' مضبوط جلد' قیمت ۱۵۰ روپے۔ ملنے کا پتہ ادارہ مرکزیہ دعوت و ارشاد چنیوٹ پاکستان۔

تھوڑا جیہا ہس لو

شاعر اسلام الحاج سید امین گیلانی اور ان کے فرزند سید سلمان گیلانی کو قدرت نے شعر و ادب کے عمدہ ذوق کے ساتھ حق کی ترجمانی کے جذبہ سے بھی نوازا ہے اور ملک بھر کی دینی مجالس میں ان کا کلام اہل حق کے دلوں کو گرمانے کا باعث بنتا ہے۔ ان کے کلام کے متعدد مجموعے شائع ہو چکے ہیں' زیر نظر مجموعہ سید سلمان گیلانی کے مزاحیہ کلام پر مشتمل ہے جو ان کی بے تکلفانہ مجلسی گفتگو کی طرح ہی بے ساختہ ہے۔ صفحات ۱۴۴' قیمت ۷۰ روپے' ملنے کا پتہ ادارۃ السادات شرقپور روڈ شیخوپورہ۔

حرمت متعہ

دور جاہلیت کے جن معاشرتی اقدار کو اسلام نے شرف انسانی کے منافی سمجھتے ہوئے مٹایا' ان میں "متعہ" بھی ہے۔ یعنی وقت مقررہ کے لیے معاوضہ پر کسی عورت کے ساتھ جنسی تعلقات کا استحقاق جو جاہلیت کے دور میں نکاح کی طرح جائز شمار ہوتا تھا۔ مگر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرما دیا اور وہ اسلام میں قطعی حرام پایا۔ اس کی حرمت پر اہل سنت کا چودہ سو برس سے اجماع چلا آ رہا ہے' البتہ اہل تشیع ابھی تک اس کے جواز پر اڑے ہوئے ہیں۔ جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ کے مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد علی جانباز نے اس مسئلہ پر فریقین کے موقف اور استدلال کا محققانہ جائزہ لیتے ہوئے اہل سنت کی حقانیت کو واضح فرمایا ہے۔ صفحات ۳۷۵' کتابت و طباعت عمدہ' مضبوط جلد' قیمت ۹۰ روپے۔ ملنے کا پتہ شعبہ نشر و اشاعت جامعہ ابراہیمیہ ناصر روڈ سیالکوٹ۔